روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 13 فروری 2008ء 5 صفر 1429 ہجری 13 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 36

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

متقی کی زندگی کا نقشہ کھینچ کر آخر میں بطور نتیجہ یہ کہا............ (البقرہ:6) یعنی وہ لوگ جو تقویٰ پر قدم مارتے ہیں۔ ایمان بالغیب لاتے ہیں۔ نماز ڈگمگاتی ہے۔ پھر اسے کھڑا کرتے ہیں۔ خدا کے دیئے ہوئے سے دیتے ہیں۔ باوجود خطرات نفس بلاسوچے، گزشتہ اور موجودہ کتاب اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور آخرکار وہ یقین تک پہنچ جاتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو ہدایت کے سر پر ہیں۔ وہ ایک ایسی سڑک پر ہیں جو برابر آگے کو جارہی ہے اور جس سے آدمی فلاح تک پہنچتا ہے۔ پس یہی لوگ فلاح یاب ہیں جو منزل مقصود تک پہنچ جائیں گے اور راہ کے خطرات سے نجات پاچکے ہیں، اس لئے شروع میں ہی اللہ تعالیٰ نے ہمیں تقویٰ کی تعلیم دے کر ایک ایسی کتاب ہم کو عطا کی۔ جس میں تقویٰ کے وصایا بھی دیئے۔

سو ہماری جماعت یہ غم کُل دنیوی غموں سے بڑھ کر اپنی جان پر لگائے کہ ان میں تقویٰ ہے یا نہیں۔ (ملفوظات جلد اول ص 22)

راہ سلوک میں مبارک قدم دو گروہ ہیں۔ ایک دین العجائز والے جو موٹی موٹی باتوں پر قدم مارتے ہیں۔ مثلاً احکام شریعت کے پابند ہو گئے اور نجات پا گئے۔ دوسرے وہ جنہوں نے آگے قدم مارا۔ ہرگز نہ تھکے اور چلتے گئے؛ حتیٰ کہ منزل مقصود تک پہنچ گئے، لیکن نامراد وہ فرقہ ہے کہ دین العجائز سے تو قدم آگے رکھا، لیکن منزل سلوک کو طے نہ کیا۔ وہ ضرور دہریہ ہو جاتے ہیں۔ جیسے بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم تو نمازیں بھی پڑھتے رہے۔ چلہ کشیاں بھی کیں، لیکن فائدہ کچھ نہ ہوا۔

سو جو لوگ بے صبری کرتے ہیں، وہ شیطان کے قبضہ میں آجاتے ہیں۔ سو متقی کو بے صبری کے ساتھ بھی جنگ ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 15)

انسان خدا کا بن نہیں سکتا جب تک کہ ہزاروں موتیں اس پر نہ آویں اور بیضۂ بشریت سے وہ نکل نہ آئے۔ اس راہ میں قدم مارنے والے انسان تین قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو دین العجائز رکھتے ہیں۔ یعنی بڑھیا عورتوں کا سا مذہب۔ نماز پڑھتے ہیں۔ روزہ رکھتے ہیں۔ قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہیں اور توبہ استغفار کر لیتے ہیں۔ انہوں نے تقلیدی امر کو مضبوطی سے پکڑا ہے اور اس پر قائم ہیں۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جو اس سے آگے بڑھ کر معرفت کو چاہتے ہیں اور ہر طرح کوشش کرتے ہیں اور وفاداری اور ثابت قدمی دکھاتے ہیں اور اپنی معرفت میں انتہائی درجہ کو پہنچ جاتے ہیں اور کامیاب اور بامراد ہو جاتے ہیں۔ (ملفوظات جلد اول ص486)

میں تمہیں یہ سمجھانا چاہتا ہوں کہ جو لوگ قبل از نزول بلا دعا کرتے ہیں اور استغفار کرتے اور صدقات دیتے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرتا ہے اور عذاب الٰہی سے ان کو بچالیتا ہے۔ میری ان باتوں کو قصہ کے طور پر نہ سنو۔ میں نصحاً للہ کہتا ہوں اپنے حالات پر غور کرو۔ اور آپ بھی اور اپنے دوستوں کو بھی دعا میں لگ جانے کے لئے کہو۔ استغفار، عذاب الٰہی اور مصائب شدیدہ کے لئے سپر کا کام دیتا ہے............ (الانفال:34)

اس لئے اگر تم چاہتے ہو کہ اس عذاب الٰہی سے تم محفوظ رہو، تو استغفار کثرت سے پڑھو۔ (ملفوظات جلد اول ص 134)

حضرت ابراہیم علیہ السلام جو ابوالانبیاء تھے، انہوں نے اپنے صدق و تقویٰ سے ہی بیٹے کو قربان کرنے میں دریغ نہ کیا۔ خود آگ میں ڈالے گئے۔ ہمارے سید و مولیٰ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی صدق و وفا دیکھئے۔ آپؐ نے ہر ایک قسم کی بدتحریک کا مقابلہ کیا۔ طرح طرح کے مصائب و تکالیف اٹھائے، لیکن پروانہ کی یہی صدق و وفا تھا، جس کے باعث اللہ تعالیٰ نے فضل کیا۔

(ملفوظات جلد اول ص 22)

سات دن کے گناہوں کا کفارہ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک آدمی جو جمعہ کے دن غسل کرتا ہے خوب اچھی طرح پاک صاف ہوتا ہے اور تیل وغیرہ یا اپنے گھر میں میسر خوشبو استعمال کر کے پھر جمعہ پر جاتا ہے اور دو آدمیوں کے درمیان بیٹھ کر انہیں جدا نہیں کرتا پھر جتنی نماز اس کیلئے مقدر ہے وہ پڑھتا ہے اور امام کی باتیں خاموشی سے سنتا ہے تو پچھلے جمعہ سے اس جمعہ تک اس کے سارے گناہ معاف کئے جاتے ہیں۔

(بخاری کتاب الجمعہ باب الدھن للجمعہ حدیث نمبر:834)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہوچکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جاچکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات 7 سے 8 لاکھ روپے کے درمیان ہوتے ہیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

اعلان برائے مریضان بیرون ربوہ

مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب کارڈیالوجسٹ اتوار، سوموار اور بدھ کو شعبہ مریضان (OPD) میں مریضوں کا معائنہ کیا کریں گے۔ بیرون از ربوہ مریضوں سے درخواست ہے کہ آنے سے قبل درج ذیل فون نمبرز پر فون کر کے کنفرم کر لیں تاکہ دقت کا سامنا نہ ہو۔

فون نمبر 047-6216010,12

047-6215190 آپریٹر کیلئے (صفر) ڈائل کریں۔

اوقات کار بیرونی مریضان 8 بجے صبح تا 2 بجے دوپہر

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

دل فدا بار بار کر لینا

زندگی پُروقار کر لینا
جان ہنس کر نثار کر لینا

دُور بے مہر ہے مگر پھر بھی
راستی اختیار کر لینا

عشق کی ناؤ میں کبھی چڑھ کر
بحرِ اِدراک پار کر لینا

دلِ ناداں اگرچہ بہکائے
پھر بھی اعتبار کر لینا

نقد سودا ہو تو بھلے ورنہ
زندگانی ادھار کر لینا

چاہیے معلوم بھی نہ ہو پھر بھی
یونہی الزام اپنے سر لینا

جب بھی مشکل مقام آجائے
رُخ سُوئے کوئے یار کر لینا

انتقام اس سے بے وفائی کا
زندگی اس پہ وار کر لینا

اُس کی اِک اِک ادا پہ تم طاہرؔ
دل فدا بار بار کر لینا

طاھر عارف

خوشی کی تقاریب اور بیوت الذکر

سیدنا حضرت مصلح موعود کے ایک ارشاد کے مطابق خوشی کی تقاریب پر بیوت الذکر ممالک بیرون کیلئے چندہ ادا کرنا خوشی کی تقاریب کو زیادہ بابرکت اور خوش آئند بنانے کا موجب ہوگا۔ اس لئے احمدی گھرانے حضور کی اس تحریک پر بھی لبیک کہہ کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

فہرست نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 4 فروری 2008ء کو قبل نماز ظہر بمقام بیت فضل لندن درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم محمد نصر اللہ صاحب

مکرم محمد نصر اللہ صاحب فیصل آباد 30 جنوری کو 79 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم موصی تھے آپ حضرت حکیم مولوی عبداللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے' مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ ربوہ کے ہم زلف اور مکرم وقار احمد خان صاحب امیر ضلع سرگودھا کے پھوپھا تھے فیصل آباد میں لمبا عرصہ مختلف حیثیتوں میں جماعتی خدمات سرانجام دینے کی توفیق پائی۔ گزشتہ ڈیڑھ سال سے آپ اپنے بیٹے کے پاس یو کے میں رہائش پذیر تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں اور دو بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

نماز جنازہ غائب

(1) مکرم چوہدری نور احمد صاحب

مکرم چوہدری نور احمد صاحب سابق امیر ضلع میر پور خاص 8 دسمبر 2007ء کو 74 سال عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم نے مختلف حیثیتوں میں بے لوث جماعتی خدمت کی توفیق پائی۔ وفات کے وقت بطور سیکرٹری جائیداد میر پور خاص خدمت بجا لا رہے تھے۔ بڑے خوش مزاج اور نیک شہرت کے حامل مخلص انسان تھے پسماندگان میں 2 بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔ مرحوم موصی تھے۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔

(2) مکرم سید محمود احمد صاحب

مکرم سید محمود احمد صاحب نائب صدر جماعت احمدیہ برازیل یکم نومبر 2007ء کو لمبی بیماری کے بعد وفات پا گئے۔ مرحوم کو برازیل میں باقاعدہ طور پر جماعت کو قائم کرنے اور اس کی رجسٹریشن کروانے کا اعزاز حاصل ہے۔ آغاز میں چونکہ جماعت کے پاس اپنی کوئی جگہ نہیں تھی اس لئے آپ نے اپنے گھر پر ہی جماعت رجسٹرڈ کروائی۔ مربی سلسلہ کی رہائش بھی لمبا عرصہ ان کے گھر پر ہی رہی۔ اللہ کے فضل سے آپ مخلص' نیک' ہمدرد اور بہت سی خوبیوں کی مالک تھے اپنی وفات تک مختلف حیثیتوں میں بے لوث جماعتی خدمات کی توفیق پائی۔

(3) مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب

مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب بیڈن روڈ۔ لاہور لمبی اور تکلیف دہ بیماری کے بعد 27 دسمبر 2007ء کو 80 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم حضرت چوہدری امین اللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے تھے۔ مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ لمبا عرصہ اپنے حلقہ میں سیکرٹری مال رہے۔ پنجوقتہ نماز کے پابند اور تہجد باقاعدگی سے ادا کرتے تھے۔ دعا گو' پرہیزگار' متقی' مہمان نواز اور خاموش طبع انسان تھے۔ بیماری کا عرصہ نہایت صبر اور ہمت سے گزارا۔ آپ موصی تھے' بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ 3 بیٹیاں اور 2 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

(4) مکرم انعام اللہ قریشی صاحب

مکرم انعام اللہ قریشی صاحب پیپلز کالونی فیصل آباد یکم جنوری 2008ء کو ایک حادثے میں وفات پا گئے۔ مرحوم نے اپنے حلقہ کے صدر اور اصلاحی کمیٹی کے صدر کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ وفات کے وقت فیصل آباد جماعت میں قاضی کی حیثیت سے خدمت بجا لا رہے تھے۔ مرحوم بہت منکسر المزاج اور خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے نیک انسان تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے ان کے درجات کو بلند تر فرمائے اور لواحقین کا ان کے بعد خود نگہبان ہو۔ آمین

سویڈن میں اعلیٰ تعلیم کیلئے طریقہ کار میں تبدیلی

2008ء سے حکومت سویڈن نے متفرق اعلیٰ تعلیمی پروگرامز میں داخلہ کے خواہش مند طلبہ کے طریق کار اور شیڈول میں کچھ تبدیلی کی ہے۔

تمام درخواستیں آن لائن www.studera.nu پر دی جائیں گی۔ ایک وقت میں آٹھ ماسٹر پروگرامز میں داخلہ کی درخواست کی جا سکے گی۔ اور ترجیحات ایک ہی آن لائن درخواست فارم پر تحریر کرنی ہوں گی۔

طلبہ اب ہر یونیورسٹی کو اپنے کاغذات ارسال نہیں کریں گے بلکہ مندرجہ بالا سائٹ پر دیئے گئے ایڈریس پر ایک ہی پیکٹ بھیجیں گے۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

محمد افضل متین صاحب

حضرت مسیح موعود و حضرت مصلح موعود کی تحریرات کی روشنی میں

وقف زندگی کی برکات وافادیت

خدا کا محبوب

''اللہ تعالیٰ کے بندے جو دین کو دنیا پر مقدم کر لیتے ہیں ان کے ساتھ وہ رافت اور محبت کرتا ہے چنانچہ خود فرماتا ہے۔ وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ (البقرہ:208) یہ وہی لوگ ہیں جو اپنی زندگی کو جو اللہ تعالیٰ نے ان کو دی ہے اللہ تعالیٰ ہی کی راہ میں وقف کر دیتے ہیں اور اپنی جان کو خدا کی راہ میں قربان کرنا اپنے مال کو اس کی راہ میں صرف کرنا اس کا فضل اور اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔''

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 364)

راحت اور دائمی لذت کا ذریعہ

''بات یہی ہے کہ لوگ اس حقیقت سے ناآشنا اور اس لذت سے جو اس وقف کے بعد ملتی ہے ناواقف محض ہیں ورنہ اگر ایک شمہ بھی اس لذت اور سرور سے ان کو مل جائے تو بے انتہا تمناؤں کے ساتھ وہ اس میدان میں آئیں۔''

''میں خود جو اس راہ کا پورا تجربہ کار ہوں اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور فیض سے میں نے اس راحت اور لذت سے حظ اٹھایا ہے یہی آرزو رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں زندگی وقف کرنے کے لیے اگر مر کے پھر زندہ ہوں اور پھر مروں اور زندہ ہوں تو ہر بار میرا شوق ایک لذت کے ساتھ بڑھتا ہی جاوے۔''

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 370)

ہوشیار رہنے کا ذریعہ

یاد رکھو کہ جو شخص خدا کے لیے زندگی وقف کر دیتا ہے یہ نہیں ہوتا کہ وہ بے دست و پا ہو جاتا ہے۔ نہیں ہر گز نہیں۔ بلکہ دین اور للہی وقف انسان کو ہوشیار اور چابکدست بنا دیتا ہے سستی اور کسل اس کے پاس نہیں آتا۔

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 365)

حیات طیبہ کا ذریعہ

''اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی ساری طاقتوں اور قوتوں کو مادام الحیات وقف کردے تاکہ وہ حیات طیبہ کا وارث ہو''

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 364)

ہموم و غموم سے نجات کا ذریعہ

''یہ وقت ہر قسم کے ہموم و غموم سے نجات اور رہائی بخشنے والا ہے مجھے تو تعجب ہوتا ہے کہ جبکہ ہر ایک انسان بالطبع راحت اور آسائش چاہتا ہے اور ہموم و غموم اور کرب و افکار سے خواستگار نجات ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ جب اس کو ایک مجرب نسخہ اس مرض کا پیش کیا جاوے تو اس پر توجہ ہی نہ کرے کیا للہی وقف کا نسخہ 1300 برس سے مجرب ثابت نہیں ہوا کیا صحابہ کرام اسی وقف کی وجہ سے حیات طیبہ کے وارث اور ابدی زندگی کے وارث نہیں ٹھہرے۔ پھر اب کونسی وجہ ہے کہ اس نسخہ کی تاثیر سے فائدہ اٹھانے میں دریغ کیا جائے''۔

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 370)

عمر بڑھانے کا نسخہ

انسان اگر چاہتا ہے کہ اپنی عمر بڑھائے اور لمبی عمر پائے تو اس کو چاہئے کہ جہاں تک ہو سکے خالص دین کے واسطے اپنی عمر کو وقف کرے۔..........

پس عمر بڑھانے کا اس سے بہتر کوئی نسخہ نہیں ہے کہ انسان خلوص اور وفاداری کے ساتھ اعلاء کلمہ (۔) میں مصروف ہو جاوے اور خدمت دین میں لگ جاوے اور آج کل یہ نسخہ بہت ہی کارگر ہے کیونکہ دین کو آج ایسے مخلص خادموں کی ضرورت ہے اگر یہ بات نہیں تو پھر عمر کا کوئی ذمہ دار نہیں ہے یونہی چلی جاتی ہے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 563)

''جو لوگ دین کے لیے سچا جوش رکھتے ہیں ان کی عمر بڑھائی جاوے گی اور حدیثوں میں جو آیا ہے کہ مسیح موعود کے وقت میں عمریں بڑھائی جاویں گی۔ اس کے معنی یہی مجھے سمجھائے گئے ہیں کہ جو لوگ خادم دین ہوں گے ان کی عمریں بڑھائی جاویں گی جو خادم دین نہیں ہو سکتا وہ بڈھے بیل کی مانند ہیں کہ مالک جب چاہے اسے ذبح کر ڈالے اور جو سچے دل سے خادم ہے وہ خدا کا عزیز ٹھہرتا ہے اور اس کی جان لینے میں خدا تعالیٰ کو تردد ہوتا ہے۔ اسی لئے فرمایا۔

(الرعد:18)

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 283)

عمدہ موت کا ذریعہ

حکیم آل محمد صاحب تشریف لائے اور حضرت اقدس سے ملاقات کی اور عرض کی کہ امروہہ میں میرا یہی کام رہا ہے کہ اس سلسلہ الٰہی کی اشاعت کروں اور اسی خدمت میں میری جان نکل جاوے۔ حضرت اقدس نے فرمایا کہ:۔

''اس سے بڑھ کر اور کیا دینی خدمت ہوگی۔ مرنا تو ہر ایک نے ہی ہے اور اس جان نے ایک دن اس قالب کو چھوڑنا ضرور ہے مگر کیا عمدہ وہ موت ہے جو خدمت دین میں آوے۔''

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 484)

حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کا

حقدار بننے کا ذریعہ

''جو حالت میری توجہ کو جذب کرتی ہے اور جسے دیکھ کر میں دعا کے لیے اپنے اندر تحریک پاتا ہوں وہ ایک ہی بات ہے کہ میں کسی شخص کی نسبت معلوم کرلوں کہ یہ خدمت دین کا سزاوار ہے اور اس کا وجود خدا تعالیٰ کے لیے، خدا کے رسول کے لیے خدا کی کتاب کے لیے اور خدا کے بندوں کے لیے نافع ہے۔ ایسے شخص کو جو درد والم پہنچے وہ در حقیقت مجھے پہنچتا ہے۔''

''ہمارے دوستوں کو چاہیے کہ وہ اپنے دلوں میں خدمت دین کی نیت باندھ لیں جس طرز اور جس رنگ کی خدمت جس سے بن پڑے کرے۔''

پھر فرمایا:

''میں سچ کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک اُس شخص کی قدر و منزلت ہے جو دین کا خادم اور نافع الناس ہے۔

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 215)

رزق میں کشادگی

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

''ایک اور مشکل جو بسا اوقات کمزور انسان کے قدم کو ڈگمگا دیتی اور اسے اپنے آپ کو قربانیوں کی آگ میں جھونکنے سے روکتی ہے وہ مالی مشکلات ہیں۔ ایک طرف دنیا اپنے پورے حسن کے ساتھ اس کے سامنے کھڑی ہوتی ہے اور دوسری طرف خدا تعالیٰ کا دین اسے آواز دے رہا ہوتا ہے کہ آؤ اور میری مدد کرو۔ وہ دنیا کی طرف جھانکتا ہے تو وہ اسے مال و دولت اور زیب و زینت کے ساتھ آراستہ و پیراستہ نظر آتی ہے اور دین کی طرف دیکھتا ہے تو وہاں اسے روپوں کی جھنکار سنائی نہیں دیتی۔ یہ دیکھ کر ایک کمزور انسان کا دل دہل جاتا ہے اور وہ کہتا ہے میں خدا کے لیے اپنی زندگی کو کس طرح وقف کروں۔ میں نے خدا کیلئے اپنے آپ کو وقف کر دیا تو میں بھوکا مر جاؤں گا۔ میری بیوی بچے کیا کھائیں گے۔ ہم اپنا معیار زندگی کس طرح قائم رکھ سکیں گے اور اگر یہ لالچ اس کے دل میں غالب آجاتی ہے تو وہ خدا تعالیٰ کے دین کی خدمت سے محروم ہو جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم اشرف المخلوق ہو کر زمین و آسمان کے خدا پر کتنی بدظنی کر رہے ہو۔ تم زمین کے چرندوں اور جنگل کے درندوں اور ہوا کے پرندوں کو دیکھو۔ کیا تم ان کے لیے رزق مہیا کرتے ہو یا خدا ان کو رزق بہم پہنچا رہا ہے۔ اگر تم کائنات عالم کے اربوں ارب کیڑے مکوڑوں اور جانداروں کے سامان معیشت پر ہی غور کرو تو تمہاری عقل دنگ رہ جائے اور تم پر علم و معرفت کا ایک نیا باب کھل جائے دنیا علمی لحاظ سے بڑی بھاری ترقی کر چکی ہے مگر ابھی تک وہ یہ معلوم نہیں کر سکی کہ ان ان گنت جانوروں کے لیے کس طرح غذا مہیا ہوتی ہے......اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب میں کائنات عالم کی اتنی بڑی مخلوق کو رزق پہنچا رہا ہوں تو اگر تم میری آواز پر لبیک کہتے ہوئے آگے آئے تو کیا میں تمہیں بھوکا مرنے دوں گا؟ فرمایا ''اس بدظنی کو اپنے دل سے نکال دو۔ تمہارا خدا سمیع اور علیم ہے اگر تم سچے دل سے خدا تعالیٰ کو پکارو گے تو اس وجہ سے کہ وہ تمہارے حالات کو جانتا ہے وہ تمہاری دعاؤں کو قبول کرے گا اور تمہیں ہر قسم کی مشکلات سے نجات دے گا پس ان وساوس میں اپنی زندگی مت بسر کرو۔ بلکہ نڈر اور بہادر بن کر خدا تعالیٰ کے دین کی خدمت کے لیے آگے بڑھو۔''

(وقف زندگی کی اہمیت و برکات صفحہ 314)

سب سے بڑی برکت

اس کے علاوہ بھی وقف کی بے شمار برکات ہیں۔ جو ختم ہونے میں نہیں آتیں۔ اور سب سے بڑی برکت تو یہی ہے کہ ایک سچے واقف زندگی کو اس کا خدا مل جاتا ہے۔ اور جسے اس کا خدا مل جائے اُسے اور کیا چاہیے؟ اسے تو ہر چیز مل گئی۔ اس کی ساری مرادیں بر آئیں۔ وہ تو دنیا میں ہی جنت میں آگیا اور حیات ابدی پا گیا۔

قرضہ حسنہ کی جزا

اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ کو قرضہ حسنہ دو اور اچھی چیزوں میں سے جو بھی تم خود اپنی خاطر آگے بھیجو گے تو وہی ہے جسے تم اللہ کے حضور بہتر اور اجر کے لحاظ سے عظیم تر پاؤ گے۔ پس اللہ سے بخشش طلب کرو۔ یقیناً اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔ (المزمل:21)

کون ہے جو اللہ کو قرضہ حسنہ دے تا کہ وہ اس کے لئے اسے کئی گنا بڑھائے۔ اور اللہ (رزق) قبض بھی کر لیتا ہے اور کھول بھی دیتا ہے۔ اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ (البقرہ:246)

کون ہے جو اللہ کو قرضہ حسنہ دے پس وہ اسے اس کے لئے بڑھا دے اور اس کے لئے ایک بڑی عزت والا اجر بھی ہے۔ (الحدید:12)

یقیناً صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور وہ جنہوں نے اللہ کو قرضہ حسنہ دیا ان کے لئے وہ بڑھا دیا جائے گا اور ان کے لئے ایک باعزت اجر ہے۔ (الحدید:19)

اور اللہ نے کہا یقیناً میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ دی اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور تم نے ان کی مدد کی اور اللہ کو قرضہ حسنہ دیا تو میں ضرور تمہاری برائیوں کو تم سے دور کر دوں گا اور ضرور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کروں گا جن کے دامن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ پس تم میں سے جس نے اس کے بعد کفر کیا تو وہ یقیناً سیدھی راہ سے بھٹک گیا۔ (المائدہ:13)

واقفین عارضی کی مساعی اور تاثرات

قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان

واقفین وقف عارضی کی رپورٹوں میں سے چند تاثرات درج ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ احباب جماعت اپنے وقف کرنے والے بھائیوں کے بیانات، ان کے رویہ سے روحانی لذت حاصل کریں اور ان کے لئے دعا کریں اور اگر اللہ تعالیٰ توفیق بخشے تو جملہ قارئین وقف عارضی میں حصہ لیں۔ یہ وقف دو ہفتے سے چھ ہفتے کا ہوتا ہے۔ واقف کو اپنے مقررہ مہینہ اور مقررہ فاصلہ تک کی مقرر کردہ جماعت میں تربیت جماعت اور تعلیم قرآن کریم کے لئے اپنے خرچ پر جانا ہوتا ہے۔ کھانے کا خرچ بھی اپنا ہوتا ہے۔ بہر حال یہ تحریک تربیت کے لحاظ سے ایک نہایت مفید اور بابرکت تحریک ہے۔ واقفین کو خود اپنی اصلاح اور دعاؤں کا بہترین موقعہ میسر آتا ہے۔

☆مکرم چوہدری محمد ادریس صاحب وقف عارضی کی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

''اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کی بہت توفیق ملی۔ اس تحریک کو اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنے کا نہایت مؤثر ذریعہ پایا۔ اللہ تعالیٰ اکثر سچی خوابوں سے نوازتا رہا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے مجھے حقہ نوشی اور سگریٹ نوشی کی عادت کو ترک کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے جو کہ قبل ازیں کئی بار سخت کوشش کے باوجود ترک نہ ہوتی تھی''۔ (الفضل 25/اپریل 1967ء)

☆مکرم مظفر احمد صاحب ابن مکرم چوہدری محمد اسماعیل صاحب آف چک 170A/TDA، 3/4R رنگپور وقف عارضی کرنے کے بعد لکھتے ہیں:۔

''یہاں کے احباب کی اصلاح و تربیت کی کوشش کی۔ نمازیں باجماعت ادا کرنے کی تلقین کی۔ خاکسار کو اپنا وقت بھی عبادت اور ذکر الٰہی میں گزارنے کی توفیق ملی۔ میرا یہ پہلا وقف عارضی تھا اور مجھے بفضلہٖ تعالیٰ ان ایام میں بہت ہی عجیب قسم کی روحانی لذت محسوس ہوئی۔ احادیث النبی ﷺ اور کتب حضرت مسیح موعود کا درس دیا''۔

☆مکرم بشیر حسین صاحب تنویر آف فیصل آباد چک 125 RB لدھڑ ضلع فیصل آباد میں وقف عارضی کے بعد لکھتے ہیں:۔

بفضلہٖ تعالیٰ خاکسار کی آمد سے یہاں کافی بیداری پیدا ہوئی ہے اور خاکسار کو ذاتی طور پر بھی کافی فائدہ ہوا۔ مطالعہ کتب سلسلہ، دعاؤں اور باجماعت نمازوں میں باقاعدگی کا موقع ملا۔ احباب کو بیت میں آکر نماز باجماعت ادا کرنے کی تحریک کی۔ بعد نماز فجر قرآن کریم اور بعد نماز مغرب کتب حضرت مسیح موعود کا درس دیا گیا۔ خدام کو قرآن کریم پڑھایا گیا۔ بعض کو نداء کے بعد کی دعا سکھائی گئی۔ 48/افراد تک پیغام حق پہنچایا۔ 18 کتابچے مفت دیئے۔ تین مجالس سوال و جواب منعقد ہوئیں۔

☆مکرمہ امۃ العزیز حنیف صاحبہ آف کھوکھراپار کراچی اپنے وقف عارضی کے دوسرے ہفتہ کی رپورٹ لکھتی ہیں:۔

''اطفال اور ناصرات کو قاعدہ یسرنا القرآن اور قرآن کریم ناظرہ پڑھایا گیا۔ روزانہ ان بچوں اور بچیوں سے سبق سن کر آگے سبق دیا گیا۔ نماز اور اس کا ترجمہ زبانی یاد کروایا گیا۔ بعض دعائیں بھی حفظ کروائیں۔ حدیث شریف کا درس دیا گیا۔ گھر گھر جا کر عورتوں کو نماز باجماعت ادا کرنے۔ سورۃ بقرہ کی ابتدائی سترہ آیات حفظ کرنے اور اخلاق اپنانے کی تلقین کی۔ نیز وقف عارضی کی مبارک تحریک میں شمولیت کی تحریک کی۔

☆مکرمہ نجمۃ النساء صاحبہ اپنی والدہ مکرمہ امۃ الرشید صاحبہ آف دارالنصر غربی ربوہ کے ساتھ چک 28 تحصیل پھالیہ ضلع گجرات میں وقف عارضی گزارنے کے بعد لکھتی ہیں:۔

یہاں پر نو بچوں کو قرآن کریم پڑھایا۔ گھروں میں جا کر دعوت الی اللہ اور اصلاح و تربیت کا کام کیا۔ لجنہ اور ناصرات کی تنظیموں کو منظّم کیا۔ بعض بدعات اور مشرکانہ عقائد کے رد میں قرآن و حدیث کے دلائل بیان کئے۔ فارغ اوقات میں مسنون دعائیں پڑھنے اور عبادت الٰہی کی توفیق ملی''۔

☆مکرمہ شکیلہ عصمت صاحبہ بنت چوہدری عصمت اللہ صاحب آف دارالنصر غربی ربوہ اپنی بہن مکرمہ عابدہ پروین صاحبہ کے ساتھ اپنا وقف عارضی پورا کرنے کے بعد لکھتی ہیں:۔

''عورتوں کو پنجگانہ نماز التزام کے ساتھ ادا کرنے کی تلقین کی۔ آپس میں محبت و پیار اور اتحاد سے رہنے کی تحریک کی۔ قرآن کریم کی تلاوت کرنے اور کتب سلسلہ عالیہ احمدیہ پڑھنے کی طرف توجہ دلائی۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھنے کی بھی درخواست کی۔ جملہ چندہ جات کی بروقت ادائیگی اور دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تحریک کی''۔ (الفضل 25/اپریل 1983ء)

☆مکرم شمشیر علی صاحب عنایت پور لکھتے ہیں:۔

''جماعت کی تربیت کے ساتھ بندہ کی حالت میں کافی تبدیلی ہوگئی ہے اور روحانی لذت حاصل ہوئی ہے۔ دعاؤں میں وقت گزارنے سے تہجد کے پڑھنے سے۔ غرض میری زندگی کے یہ انوکھے دن ہیں۔

(الفضل 28/اپریل 1967ء)

وقف عارضی کا روحانی ماحول

۞ مکرم سعید احمد صاحب نائب زعیم اعلیٰ گلشن جامی کراچی نے ماڈل کالونی کراچی میں وقف عارضی کی توفیق پائی۔ وہ اپنی تفصیلی رپورٹ میں لکھتے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی وقف عارضی کی تحریک حقیقت میں روحانی تحریک ہے جو اس میں شامل ہوتا ہے ایک روحانی ماحول میں داخل ہو جاتا ہے خاکسار نے بھی بذات خود اس کا مشاہدہ کیا ہے یہ دو ہفتے کا پروگرام بہت مفید ہے اور رمضان المبارک کی طرح ٹائم ٹیبل کے مطابق ہر کام کرنے کی توفیق پائی یعنی تلاوت قرآن اور مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود اور دیگر نفلی عبادات کو باقاعدگی سے ادا کرنے کی توفیق ملی۔ آخر میں ایک عجیب نشان دیکھا کہ میری (ناقہ) یعنی بائیسکل جو روزانہ میرے استعمال میں رہتی ہے اس کو ہر دو روز کے بعد ٹائر میں ہوا بھرنی پڑتی تھی لیکن وقف عارضی کے دو ہفتے کے دوران شروع دن سے ہوا بھری ہوئی آج تک بدستور چل رہی ہے۔ یہ روحانی کیفیت کا اثر معلوم ہوتا ہے۔ وقف عارضی پر روزانہ 10 کلومیٹر کا فاصلہ بائیسکل پر طے کرتا رہا۔

قرآن ناظرہ شروع کرادیا

۞ مکرم بشیر احمد صاحب نے گلشن پارک لاہور میں وقف عارضی کے دن گزارے وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

تمام احمدی گھروں کا دورہ کیا۔ نماز، تلاوت قرآن اور خلافت جوبلی کی دعاؤں کی طرف توجہ دلائی۔ 80 انصار میں سے ایک ناصر قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے تھے۔ ان کو قاعدہ یسرنا القرآن پڑھایا اور انہوں نے قرآن ناظرہ شروع کر دیا ہے۔ اطفال کو نماز باترجمہ اور سورۃ بقرہ کی پہلی 17 آیات یاد کرائیں سلسلہ کی کئی کتب کا مطالعہ کیا اور دعاؤں اور نوافل کا بہت موقع ملا۔ احباب کو وقف عارضی میں شمولیت کی تحریک کی۔

تہجد کی عادت

۞ مکرم خلیق احمد صاحب اسلام آباد نے احمد نگر میں وقف عارضی کی وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ وقف عارضی کے دوران مجھے نماز باجماعت پنجوقتہ اور تہجد کی عادت پڑ گئی اور علم میں بہت اضافہ ہوا۔

قرآن کلاسز جاری کیں

۞ مکرم محمد اسد اللہ صاحب نے ٹھٹھہ میں وقف عارضی کی۔ وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں۔

صبح اور شام قرآن کریم کی دو کلاسز کا آغاز کیا جن میں بعض بچوں نے قرآن ناظرہ کی ابتداء کی۔ خاکسار نے خود ایک دور قرآن کریم کا مکمل کیا۔ خلفاء کی کتب پڑھیں اور تاریخی مقامات کی سیر بھی کی۔

مبارک تحریک

۞ مکرم منیر احمد صاحب نے محمد نگر لاہور میں وقف عارضی کی۔ وہ لکھتے ہیں کہ تمام گھروں کا دورہ کر کے نماز کی تلقین کی۔ جس کے نتیجہ میں حاضری میں اضافہ ہوا۔ قرآن کریم کی کلاس لگائی گئی۔

مکرم نور الٰہی بشیر صاحب نے حلقہ دارالذکر لاہور میں وقف عارضی کی۔ وہ اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ بڑی ہی مبارک تحریک ہے۔ خدا تعالیٰ سے دعائیں کرنے کا خاص موقع ملتا ہے دعاؤں میں لذت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔

وقف عارضی کی برکت

۞ مکرم محمد صدیق صاحب صدر جماعت احمدیہ چک 93/6-R بہاولنگر نے 278/H-R میں وقف عارضی کی۔ وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ:۔

''بندہ باقاعدگی کے ساتھ پنجگانہ نماز کی توفیق پاتا رہا اور نماز تہجد ادا کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ 10 اطفال، 7 انصار اور 5 خدام کو نماز باجماعت کی عادت ڈالی۔ حضور انور کا خطبہ سننے والوں میں بھی اضافہ ہوا''۔

دیگر احباب بھی اس بابرکت تحریک میں حصہ لے کر ان برکات کو حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز وقف عارضی مکمل کرنے والے تمام احباب سے گزارش ہے کہ وہ اپنی مختصر رپورٹس سے مطلع فرمائیں۔

نمایاں فرق پڑا

۞ محترم منیر احمد صاحب باجوہ صدر جماعت داتا زید کا اور مکرم محمد علی صاحب نے کوٹ گوندل ضلع سیالکوٹ میں وقف عارضی کی توفیق پائی وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہاں تہجد کی توفیق ملتی رہی ہے۔ کوٹ گوندل میں بچوں کیلئے قرآن کریم اور یسرنا القرآن کلاس لگاتا رہا اور احباب جماعت کو نمازوں کی طرف مائل کیا اور اہمیت بتائی اس سے حاضری نماز میں نمایاں فرق پڑا بعض دوستوں میں صلح کروائی۔ مجالس سوال و جواب منعقد کیں اور ساتھ ساتھ صدسالہ جوبلی کی دعائیں یاد کروائیں۔

☆......☆......☆......☆

مکرم وسیم احمد صاحب

دنیا کا سب سے بڑا موجد

تھامس الوا ایڈیسن (Thomas Alva Edison)

یہ 1876ء کی بات ہے۔ آج سے 131 سال پہلے پت جھڑ کا موسم تھا اور صبح کا وقت۔ شہر نیویارک کے ایک مستری نے ابھی آ کر اپنی دکان کھولی ہی تھی کہ ایک نوجوان اندر داخل ہوا اور مستری کے ہاتھ میں ایک کاغذ تھما کر بولا ”آپ اس طرح کی ایک مشین بنا دیں گے؟“

مستری نے غور سے کاغذ کو دیکھا اس پر کسی مشین کا پیچیدہ سا خاکہ بنا ہوا تھا۔

بنا تو دوں گا لیکن یہ مشین ہے کس چیز کی؟ اس نے تعجب سے پوچھا۔

اگر تم نے میرے خاکے کے مطابق مشین بنا دی تو وہ گانا گائے گی نوجوان نے کہا۔

مستری نے اسے اس طرح دیکھا جیسے وہ کوئی پاگل ہو۔ تمہیں میرا اعتبار نہیں؟ نوجوان نے مسکرا کر کہا۔ اگر یہ مشین سچ مچ باتیں کرنے لگی تو تم کیا دو گے۔

میں تمہیں دس روپے دوں گا مستری بولا۔

میرے پاس دس روپے تو نہیں نوجوان نے کہا۔

البتہ اگر میں ہار گیا تو تمہیں ایک بوتل بھر شہد دوں گا۔

مستری راضی ہو گیا اور اس نے وہ عجیب و غریب مشین بنانا شروع کر دی۔ چند روز بعد وہ نوجوان آیا۔ مشین تیار تھی۔ اس نے بڑے اطمینان سے اس کا معائنہ کیا اور پھر جو اس کا ہینڈل گھمایا تو اس میں سے باریک سی آواز نکلی۔ Mary had a little lamb, Its fleece was white as snow.

(میری کے پاس ایک ننھا سا میمنا تھا۔ اس کی پشم برف کی طرح سفید تھی)

مستری نے گھبرا کر پہلے مشین کی طرف دیکھا اس کے بعد نوجوان کو اور پھر سرپٹ دروازے کی طرف بھاگا۔ نوجوان نے اسے روک لیا اور ہنس کر بولا اجی حضرت! کہاں چلے؟ شرط کے دس روپے تو رکھتے جایئے۔

(موجدوں کی کہانیاں ص 80)

یہ تھا دنیا کا سب سے پہلا گراموفون اور جس نوجوان نے اسے ایجاد کیا تھا اس کا نام تھا تھامس الوا ایڈیسن۔

ایڈیسن دنیا کا سب سے بڑا موجد تھا۔ اس نے ایک ہزار ایک سو سے زیادہ ایجادات کیں۔ ان میں گراموفون، بجلی کا بلب اور سینما جیسی چیزیں ہیں جنہیں شاید ہی دنیا میں کسی نے نہ دیکھا ہو۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ ”ایڈیسن کی یادگار بنانے کی ضرورت نہیں۔

پیدائش اور ابتدائی حالات

دنیا کے اکثر مشہور لوگوں کی طرح ایڈیسن بھی غریب ماں باپ کا بیٹا تھا۔ وہ 11 فروری 1847ء کو میلان (Milan) میں پیدا ہوا۔ یہ امریکہ کی ریاست اوہیو (Ohio) میں ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔ کچھ بڑا ہوا تو باپ نے سکول میں بٹھا دیا مگر غریبی کی وجہ سے وہ اسے تعلیم نہ دلا سکا۔ ایڈیسن نے تھوڑی بہت تعلیم گھر پر ہی حاصل کی اور جو باتیں سکول میں نہ سیکھ سکا وہ خود اپنی خداداد ذہانت اور عقلمندی سے سیکھیں۔

انہی دنوں اس کے ماں باپ میلان شہر سے مشی گن چلے گئے۔ آمدنی تھوڑی تھی اور خرچ زیادہ۔ باپ نے اس سے کہا کب تک گھر میں پڑے روٹیاں توڑتے رہو گے؟ کچھ کام کرو کہ چار پیسے ہاتھ آئیں“۔

کام کی تلاش

دوسرے دن ایڈیسن کام ڈھونڈنے نکلا اور اسے ریل گاڑیوں میں اخبار بیچنے کا کام مل گیا۔ کام بہت دلچسپ تھا اور آمدنی بھی خوب ہوتی تھی۔ تھوڑے دن بعد جب اس کے پاس کچھ پیسے جمع ہو گئے تو اس نے چھاپنے کی ایک مشین خرید لی اور ریل کے ایک ڈبے میں خود اخبار چھاپنے لگا اور اس وقت وہ صرف پندرہ برس کا تھا۔

ریل کے اسی ڈبے میں اس نے اپنی تجربہ گاہ بھی بنا رکھی تھی۔ اخبار چھاپنے اور بیچنے کے بعد جو وقت ملتا اس میں وہ طرح طرح کے تجربے کیا کرتا۔ ایک دن وہ کوئی تجربہ کر رہا تھا کہ فاسفورس بھڑک اٹھا اور اس کے شعلوں سے ڈبے میں آگ لگ گئی۔ گارڈ مارے غصے کے آگ بگولا ہو گیا۔ اس نے ایڈیسن کا سارا سامان نکال کر باہر پھینک دیا اور اس کے کان پر اتنے زور سے مکا مارا کہ وہ بہرہ ہو گیا۔ کوئی اور ہوتا تو بددل ہو کر سائنس کے تجربوں کا نام تک نہ لیتا لیکن ایڈیسن کی ہمت اور استقلال میں کوئی فرق نہ آیا۔ وہ اکثر کہا کرتا تھا۔

”بہرہ پن میرے لئے رحمت ثابت ہوا ہے۔ اب میری ساری توجہ کام کی طرف لگی رہتی ہے اور فضول باتیں سننے میں وقت ضائع نہیں ہوتا“۔

تار بابو

ایڈیسن کو ریل کے ڈبے میں اخبار چھاپنے کی تو ممانعت کر دی گئی لیکن وہ سٹیشن پر بدستور اخبار بیچتا رہا۔ ایک دن وہ پلیٹ فارم پر کھڑا آواز لگا رہا تھا کہ ایک ڈبہ آپ ہی لڑھکتا ہوا آیا۔ اس وقت ریل کی پٹڑی پر سٹیشن ماسٹر کی ننھی سی بچی کھیل رہی تھی۔ ایڈیسن تیزی سے لپکا اور بچی کو اٹھا کر پلیٹ فارم پر کھڑا کر دیا۔ ڈبہ گڑگڑ کرتا گزر گیا۔ سٹیشن ماسٹر نے ایڈیسن کا بہت شکریہ ادا کیا اور اسے تار برقی (ٹیلی گرافی) کا کام سکھا کر تار بابو کی نوکری دلا دی۔

ایڈیسن کو چین سے بیٹھنے کی جگہ ملی تو اس نے پھر تجربے شروع کر دیئے۔ اس کی ڈیوٹی تھی کہ وہ ہر گھنٹے بعد ریلوے کے ایک دوسرے ملازم کو سگنل بھیجے۔ رات کے وقت اسے بہت پریشانی اٹھانا پڑتی تھی اور ہر وقت چوکس رہنا پڑتا تھا۔ آخر کئی روز کے تجربوں کے بعد اس نے ایک ایسا آلہ ایجاد کر لیا جو خود بخود سگنل بھیج دیا کرتا اور وہ آرام سے سوتا رہتا۔

اٹھارہ برس کی عمر تک اس نے تار بابو کا کام کیا۔ تار بابو کی نوکری کے دوران اس نے ایک ووٹ گننے والی مشین اور ایک ٹیپ مشین بنائی۔ اس کے بعد وہ ملازمت چھوڑ کر نیویارک چلا گیا۔ اس نے سوچا نیویارک امریکہ کا سب سے بڑا شہر ہے وہاں ترقی کرنے کے زیادہ مواقع ہیں۔

نیویارک آمد

ملازمت چھوڑ کر ایڈیسن نیویارک آ گیا۔ اس نے کام کی تلاش میں نیویارک کا چپہ چپہ چھان مارا مگر ہر جگہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ جو کچھ جمع کیا تھا آہستہ آہستہ ختم ہونے لگا اور نوبت فاقوں تک پہنچ گئی۔ ایک دن وہ گھومتا پھرتا ایک کمپنی کے دفتر میں جا نکلا۔ یہ کمپنی ایک مشین کے ذریعے اپنے گاہکوں کو منڈیوں کے بھاؤ بھجوایا کرتی تھی۔ اتفاق سے وہ دفتر میں جا کر بیٹھا ہی تھا کہ مشین خراب ہو گئی۔ اس نے تھوڑی دیر مشین کو دیکھا بھالا اور منٹوں میں اسے ٹھیک کر دیا۔ کمپنی کا مالک بہت خوش ہوا اور اس نے ایڈیسن کو مشین کا مینیجر مقرر کر دیا۔ ایڈیسن نے اس کمپنی میں چند مہینے کام کیا۔ پھر اس نے ایک انجینئر کے ساتھ مل کر تار برقی کی ایک نئی مشین بنائی۔ اس مشین کی شہرت دور دور تک پھیل گئی اور ایک کمپنی نے اسے دو لاکھ روپے میں خرید لیا۔ اس رقم سے اس نے ایک کارخانہ قائم کر لیا اور ٹیپ مشین بنانے لگا۔ اس سے پہلے گراہم بیل (Graham Bell) نامی ایک سائنسدان ٹیلی فون ایجاد کر چکا تھا۔ مگر اس میں کئی خرابیاں تھیں۔ ایڈیسن نے یہ خرابیاں دور کیں اور اب ٹیلی فون پر آواز بالکل صاف سنائی دینے لگی۔

فونوگراف

1877ء میں اس نے ایک عجیب و غریب ایجاد کر کے دنیا کو حیرت میں ڈال دیا۔ یہ ایک بولنے والی مشین تھی جس کا نام اس نے فونو گراف (Phonograph) رکھا۔ وہ اس مشین کے بیلن پر ایک جھلی چڑھا دیتا جس میں آواز بھری ہوتی تھی۔ بیلن سے بالکل ملی ہوئی لوہے کی ایک سوئی لگی ہوئی تھی۔ ایڈیسن مشین کا ہینڈل گھماتا تو سوئی جھلی سے رگڑ کھاتی اور جھلی میں سے وہ آواز نکلتی جو اس میں بھری گئی تھی۔ لیکن یہ آواز بہت مدھم ہوتی تھی۔ 1887ء میں ایک جرمن سائنسداں برلنر (Berliner) نے فونوگراف کے اصول پر گراموں فون بنایا اور پھر دوسرے سائنسدانوں نے اس میں مزید اصلاحات کیں۔

بجلی کا بلب

ایڈیسن کی سب سے اہم ایجاد بجلی کا بلب ہے جس کی روشنی سے آج گاؤں شہر قصبے جگمگا رہے ہیں۔ 1877ء میں ایڈیسن کو بجلی کی روشنی کے مسئلے سے دلچسپی پیدا ہوئی۔ اس نے بڑے منظّم انداز سے قدم بہ قدم کام کرنا شروع کر دیا۔ ایڈیسن سائنسدان بھی تھا اور عظیم الشان موجد اور ماہر کاریگر تھا اور بہت اچھا تاجر بھی۔ بجلی کا اچھا معیاری اور سستا قمقمہ بنانے کے لئے ایڈیسن نے اپنی تمام توجہ اور توانائی اس طرف لگا دی۔ اس نے اپنی پوری لیبارٹری منلو پارک میں قائم کر دی۔ اس کے سامنے سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ وہ فلامنٹ کے لئے مناسب مسالہ کہاں سے لائے۔ اس نے مختلف اشیاء مثلاً دھاتوں کے تیار، بانس کا ریشہ، انسان کے بال کاغذ وغیرہ پر تجربے آزمائے۔ لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ بالآخر ایک بٹن نے جو دھاگے میں بندھا اس کی جیب میں لٹک رہا تھا اس کی مشکل آسان کر دی اسے جلد ہی پتہ چل گیا کہ عام سینے کا دھاگہ جسے کاربن کے عمل سے گزارا جائے اور بے ہوا بلب میں داخل کیا جائے تو وہ وہی مسالہ ثابت ہوگا جس کی وہ جستجو میں تھا۔ اس کا بنایا ہوا پہلا لیمپ جو اس نے 1879ء میں بنایا چالیس گھنٹے تک جلتا رہا۔ اسے دھیمی دھیمی زرد روشنی نکلتی رہی۔ یوں روشنی والا بلب وجود میں آ گیا تھا۔

تجربوں کے دوران ایڈیسن کو معلوم ہوا کہ 110 اور 220 وولٹ کے بلب موضوع ترین ثابت ہوں گے۔ بجلی کی ترسیل کا نقصان کم سے کم ہوگا۔ جب اس نے یہ بات بتائی تھی تو اسے خود بھی معلوم نہ تھا کہ جو وولٹیج اس نے مقرر کر دی تھی، وہی آئندہ سو سال تک بھی برقی روشنی کا معیار رہے گی۔

جنریٹر

ایڈیسن کو اپنی برقی روشنی کے لئے جس قسم کا جنریٹر درکار تھا اس کے تقاضے پہلے سے بنائے گئے کسی بھی جنریٹر سے پورے نہ ہوتے تھے۔ اس لئے اسے اپنا جنریٹر خود بنانا پڑا اور اس نے ایسا عمدہ جنریٹر بنایا کہ چند تبدیلیوں اور اصلاحات سے قطع نظر اس کا جنریٹر آج تک دنیا بھر کے بجلی گھروں میں استعمال ہو رہا ہے۔

یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگی کہ ایڈیسن کا برقی نظام سب سے پہلے ایک بحری جہاز پر چالو کیا گیا تھا جو قطب شمالی کی مہم پر جا رہا تھا۔ جب اس نے میلو پارک کی لیبارٹری میں اپنا پہلا بلب روشن کیا تھا

کرتا رہا۔ حتیٰ کہ جہاز دو سال بعد قطبی برفستان میں دھنس کر نیست و نابود ہو گیا۔

بلب کی نمائش

ایڈیسن انتہائی ذہین وفطین موجد ہی نہ تھا بلکہ کامیاب تاجر بھی تھا اور تجارت کے لئے نمائش ضروری چیز ہے۔ چنانچہ اس نے 1880ء میں اپنی لیبارٹری کو 500 وولٹ بلبوں سے جگمگا دیا۔ لوگوں نے اتنی روشنی دیکھی تو سنسنی دوڑ گئی۔ سورج چھپتے ہی بلب روشن ہو جاتے اور آدھی رات تک جلتے رہتے اور ان میں ذرا بھی دھیما پن یا ٹمٹماہٹ پیدا نہ ہوتی۔ لوگ کشاں کشاں نمائش دیکھنے آتے اور آدھی رات تک روشنیوں کی جگمگاہٹ میں ہنستے کھیلتے رہتے۔ نیویارک سے خصوصی ٹرینیں چلنے لگیں۔ یورپ کے انجینئر اوقیانوس پار کر کے امریکہ آنے لگے، تاکہ بیسویں صدی کے اس نئے معجزے کا دیدار کیا جاسکے۔

وفات

18/اکتوبر 1931ء کو دنیا کے اس سب سے بڑے موجد کا انتقال ہوا۔ اس نے 84 سال کی عمر پائی اور ساری عمر تجربہ گاہ ہی میں گزار دی۔ 1914ء میں پہلی جنگ عظیم چھڑی تو اس کی عمر 76 سال تھی۔ اس عمر میں بھی اس نے اپنے ملک کی فوج کے لئے چالیس ایجادیں کیں جن کے ذریعہ اس کی قوم کو جنگ میں بہت فائدہ ہوا۔

ایڈیسن دھن کا پکا اور قول کا سچا انسان تھا۔ جب وہ کسی کام کا ارادہ کر لیتا تو اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتا تھا جب تک کہ اسے مکمل نہ کر لیتا۔ کہا جاتا ہے کہ وہ چوبیس گھنٹوں میں مشکل سے دو تین گھنٹے ہی سویا کرتا تھا۔ جب کام میں لگ جاتا تو نہ کھانے کا ہوش ہوتا نہ سونے کا۔ فونوگراف اس نے 72 گھنٹے لگاتار کام کر کے بنایا تھا۔

نفع مند سودا

حضرت صہیبؓ ابتدائی مسلمانوں میں سے تھے۔ آپ کمزور طبقہ سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت عمار بن یاسرؓ کے ساتھ اسلام لائے تھے۔ انہوں نے ہجرت کرنا چاہی تو کفار نے سخت مزاحمت کی اور کہا کہ تم مکہ میں محتاج ہو کر آئے تھے لیکن یہاں آکر دولتمند ہو گئے اب یہ مال لے کر ہم تمہیں یہاں سے نہیں جانے دیں گے۔ حضرت صہیبؓ نے کہا اگر میں یہ سارا مال تمہیں دے دوں تو پھر جانے دو گے۔ اس پر کفار راضی ہو گئے۔ اور حضرت صہیبؓ سارا مال دے کر متاع ایمان کے ساتھ مدینہ پہنچ گئے۔ آنحضرت ﷺ کو معلوم ہوا تو فرمایا۔ صہیب نے نفع بخش سودا کیا ہے۔

(طبقات ابن سعد جلد 4 ص 227 دار بیروت۔ بیروت 1957ء)

مکرم حکیم محمود احمد طالب صاحب جہلمی

مشاہدات جلسہ سالانہ قادیان 2007ء

قادیان دارالامان کے تمام مقامات مقدس اور تاریخی ہیں۔ بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ قادیان کا ذرہ ذرہ مقدس و قابل احترام ہے کیونکہ آج سے 173 سال قبل حضرت مسیح موعود نے 1835ء میں یہاں جنم لیا۔ علاوہ ان پیشگوئیوں کے جو اس قادیان کے ذریعہ پوری ہوئیں اور ہو رہی ہیں اس کی خاک کو کم و بیش 76 سال تک مسیح پاک کی قدم بوسی کا شرف و فخر حاصل ہوتا رہا ہے اور آپ کی پاکیزہ سانسیں اس کی فضاؤں اور ہواؤں کو معطر و مطہر بناتی رہی ہیں۔

خاکسار کو پہلی دفعہ قادیان دارالامان میں جلسہ سالانہ منعقدہ 29 تا 31 دسمبر 2007ء دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ قربان جاؤں اس خدا کے جس نے تمام اسباب پیدا فرمائے اور مجھے قادیان کی زیارت کا موقع ملا جب مجھے قادیان دارالامان کے ویزہ لگنے کی خبر ملی وہ دن میرے لئے عید سے بڑھ کر تھا۔

21 دسمبر کو عید تھی اور 23 دسمبر کو ہم بعد دعا بفضل خدا ربوہ سے روانہ ہو کر شام قادیان دارالامان پہنچ گئے اس رحیم و کریم خدا نے پیاری بستی قادیان کا دیدار کرنے کا موقع فراہم کیا۔ دل بار بار اس خدا کی حمد کے ترانے گا رہا تھا جس کے کرم کی نظر سے ہم دارالمسیح کا دیدار کرنے جا رہے تھے شام کو ہم اس پاک بستی میں پہنچے وہ لمحات کبھی فراموش نہیں کیے جاسکتے جب قادیان دارالامان کی سرزمین پر پہلا قدم رکھا جونہی ہمارا قافلہ قادیان پہنچا تو ایک دم سے نعرہ ہائے تکبیر اور دوسرے نعروں سے فضائیں گونج اٹھیں وہاں مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کے لئے لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ نہایت پرجوش اور فلک بوس آوازیں بلند ہوتیں ان نعروں کی آواز سے چہرے خوشی اور مسرت کے جذبات سے چمک اٹھتے ایسا لگتا تھا جیسے پورا قادیان ایک ہی گھر بن چکا ہے آج دنیا بھر میں کسی جگہ اس جلسہ کی مثال نہیں ملتی بابرکت مقام، عشاق کا اجتماع، مامور زمانہ کی دعائیں اپنے آقا کا خطاب اجتماعی دعائیں اور روحانی ماحول غرضیکہ عجیب روحانی کیفیت ہوتی ہے۔

یہ جلسہ جماعت احمدیہ کے متعلق بہت سی غلط فہمیاں دور کرتا ہے اور انتظامی امور کی وجہ سے اطاعت کا بے نظیر جذبہ احباب میں پیدا کرتا ہے کیونکہ بڑے بڑے افراد ڈیوٹیوں والے بچوں کے اشاروں کی تعمیل کرتے ہیں۔

قادیان دارالامان وہ پیاری بستی ہمارے پیارے مسیح موعود کی بستی ہے جس کا نام سنتے ہی ایک سچے احمدی کی روح دلی محبت سے سرشار ہو جاتی ہے۔ اس سرزمین پر خاکسار کو وقت گزرنے کا احساس ہی نہ ہو پاتا۔ ایک وجد کے عالم میں تمام جلسہ پر آنے والے احباب نماز تہجد کی ادائیگی کے لئے بیت مبارک کی طرف رواں دواں ہوتے تھے۔ نماز فجر کی ادائیگی اور درس سے فارغ ہونے کے بعد تمام احباب اور خواتین تسبیح و تحمید کرتے ہوئے بہشتی مقبرہ کی طرف روانہ ہو جاتے۔ جہاں امام آخرالزماں اور ان کے رفقاء ابدی نیند سو رہے ہیں۔

بہشتی مقبرہ پہنچ کر تو دل بے اختیار یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اے خدا میری کیا اوقات اور کیا تیرے افضال و انعام کہ میرے جیسا ایک ناکارہ اور پُر معصیت بندہ تیرے مسیح کے مزار پر کھڑا ہے۔

قادیان کے اہم مقامات میں دارالمسیح، مزار مبارک حضرت مسیح موعود، مزار حضرت خلیفۃ المسیح الاول، مقام ظہور قدرت ثانیہ، کمرہ پیدائش حضرت مسیح موعود، کمرہ پیدائش حضرت مصلح موعود، بیت مبارک، سرخی کے نشان والا کمرہ، بیت الفکر، دالان حضرت اماں جان، بیت الدعا، بیت الریاضۃ، گول کمرہ، بیت اقصیٰ، خطبہ الہامیہ والی جگہ، بیت نور، منارۃ المسیح، بہشتی مقبرہ، شہ نشین اور جنازہ گاہ وغیرہ شامل ہیں۔

بیت الدعا دارالمسیح میں واقع ایک چھوٹا سا کمرہ ہے جو حضرت مسیح موعود نے اپنی زندگی کے آخری دور میں عبادات اور دعاؤں کے لئے بنوایا تھا جلسہ کے آغاز سے پہلے مہمان کم تھے اس لئے بیت الدعا میں نوافل کا وقت مل جاتا تھا لیکن بعد میں لمبی قطاریں اور رش ہونے کی وجہ سے مختصر نفل و دعا کرنے پر ہی اکتفا کر لیتے تھے خدا تعالیٰ ہماری تمام دعائیں قبول فرمائے۔ آمین

دارالمسیح کے ایک ایک حصہ کو دیکھتے تو ایک نئی ایمانی روح ہمارے اندر پیدا ہو جاتی۔ غرضیکہ قادیان دارالامان کے اہم و مقدس مقامات اور جگہ جگہ لکھی ہوئی عبارات حضرت اقدس مسیح موعود کی پاکیزہ زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتی نظر آتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل اور اس کے رحم کے ساتھ جلسہ سالانہ قادیان جو آج سے تقریباً ایک سو سترہ سال قبل 1891ء میں بیت اقصیٰ میں 75 احباب سے شروع ہوا تھا بفضل خدا اس کی شاخیں آج صرف قادیان تک ہی محدود نہیں رہیں بلکہ دنیا کے تمام کونوں تک پھیل چکی ہیں۔ جلسہ سالانہ قادیان سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب کروڑوں عقیدت مندوں نے سنا اور دیکھا۔ کروڑوں پروانے ایک ساتھ اس شمع کو احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے ذریعہ دیکھ اور سن رہے تھے۔

ہوتی نہ اگر روشن یہ شمع رخ انور
کیوں جمع ہوتے سب دنیا کے پروانے

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں تمام ربانی شرائط پر صحیح رنگ میں عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرماتا رہے اور اپنے بزرگان سلف کے پاک نمونہ پر چلتے ہوئے اپنی جانوں اور اموال کی مقبول قربانیاں پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو نیز اپنی جماعت میں داخل ہونے والے گروہ کے لئے جو دعائیں حضرت مسیح موعود نے کی ہیں ان کا حقیقی وارث بنائے اور سلسلہ کی بیش از بیش ترقیات و غلبہ کے ایام ہم سب کو دکھائے قادیان دارالامان کے باسیوں کو خدا تعالیٰ ہمیشہ اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

2008ء زبانیں سیکھنے کا عالمی سال

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سال 2008ء کو "علم لسانیات" یعنی زبانوں کو سیکھنے کا سال قرار دیا ہے۔ یونیسکو کے ایک بیان کے مطابق ہر فرد اور قبیلے کے لئے کوئی بھی زبان نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ یہ زبان ہی کا علم ہے، جس کے ذریعہ علم و آگہی کے در کھلتے ہیں اور نقطہ ہائے نظر کا تبادلہ بھی ہو پاتا ہے۔ کسی بھی قوم کی زبان سیکھنے سے نہ صرف اس قوم کی ترقی و تنزلی اور تہذیب و تمدن کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں، بلکہ زبان کے علم سے آج کے گلوبل دور میں اس قوم کے تازہ ترین حالات سے باخبر رہنے میں بھی بڑی مدد ملتی ہے۔

یونیسکو کے مطابق دنیا میں اب تک سات ہزار زبانیں بولی جاتی رہی ہیں، جس میں تقریباً آدھی زبانیں تو ناپید ہو چکی ہیں۔ باقی ماندہ زبانوں کی ایک چوتھائی زبانیں عام بول چال میں استعمال ہو رہی ہیں یا پھر تعلیمی اداروں میں سیکھی اور سکھائی جا رہی ہیں، لہٰذا یہ امر بھی قابل توجہ ہے کہ زندہ زبانوں کی ان مادری زبانوں (Mother Tongue) کا بھی علم حاصل کیا جائے کہ جن کے ملاپ سے یہ زبانیں وجود میں آئی ہیں۔

